قرآنی
مستجاب دعائیں

ایک اللہ کا بندہ

خورشید بک ڈپو رجسٹرڈ
۲۲۵۶، احاطہ جمن بی، رودگران،
لال کنواں، دہلی ـ ٦

پیش لفظ

یہ تمام دعائیں قرآن مجید سے لی گئی ہیں۔ دعاؤں کی قبولیت کے لیئے نماز کی پابندی اور عقیدے کی پختگی ضروری ہے اللہ کا قرب دعا کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دعاؤں سے تقدیریں بدل جاتی ہیں اور اللہ تعالےٰ انسان کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچا دیتا ہے۔ دعا مومن کا ہتھیار ہے اور شیطان کا بچاؤ ہے۔ دُعا عبادت کی جان ہے اور خدا سے ملاقات کا ذریعہ ہے۔ دعا کرنے کے لیئے آگے پیچھے درود شریف پڑھنا لازمی ہے۔ یہ ایک ایسی عبادت ہے جو سمندر کے طوفانوں کو روک دیتی ہے اور دریاؤں کے رُخ کو موڑ دیتی ہے۔ دعا بندگی ہے جو بخشش کے دروازے کھول دیتی ہے اور معافی کا قلم پھیر دیتی ہے۔ خشوع وخضوع، عجز وانکساری اور خلوص کے ساتھ مانگی ہوئی دعا کبھی بارگاہِ الٰہی میں رد نہیں

کی جاتی۔

حدیث میں ہے کہ دعا کے علاوہ صدقہ بھی بُرائی کے ستر (۷۰) دروازے بند کر دیتا ہے۔ صدقہ قبر کی گرمی کو دُور کرتا ہے اور تکبر اور فقر ہٹا دیتا ہے۔ جو اخلاص سے صدقہ دیتا ہے اللہ اس کی آمدنی میں خیر و برکت عطا کرتا ہے۔

اللہ کی ذات و صفات میں کسی کو ملانا شرک کہلاتا ہے ہر مُراد پوری کرنے والا وہ وحدہ لاشریک ہے۔ اسی لیئے صرف اللہ ہی سے مانگو مگر سچے عقیدے کے ساتھ۔ کیونکہ یہی سچے مومن کی نشانی ہے۔ شرک انسان کے اعمال کو برباد کر دیتا ہے۔ چاہے وہ کتنا ہی نیک، عبادت گزار یا تہجد گزار ہی کیوں نہ ہو۔ مشرک کی زبان سے نکلی ہوئی دعا کوئی تاثیر نہیں رکھتی۔ جب انسان اپنے اعمال میں شرک کو جگہ دے کر سیدھی راہ اور استقامت سے ہٹ جاتے ہیں تو وہ اللہ کی طرف سے کسی مدد اور سہارے کے مستحق نہیں رہتے اور اللہ کی نظرِ عنایت سے

محروم رہتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں اپنے دامن کو شرک کے کانٹوں سے ہمیشہ دُور رکھنا چاہیئے۔

غیر اللہ کو پکارنا گمراہی کا سبب ہے۔ نیکی کا بدلہ نیکی سے دینا اخلاقِ حسنہ کی بہترین مثال ہے۔ صبر کرنا دل کی ہدایت اور روشنی کا ذریعہ بنتا ہے۔ جو شخص اللہ کا واسطہ دے کر پناہ طلب کرتا ہے تو اس کو پناہ دی جاتی ہے۔

•

آج کل لوگ جہالت کی طرف تیزی سے بڑھ کر اپنی عملی زندگی میں شرک کو جگہ دے کر اپنے ایمان کی روشنی کو گل کر رہے ہیں۔ اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک کر کے اپنے اعمالوں میں غلاظت کے انبار لگا رہے ہیں۔ اللہ کی طرف نگاہ رکھو وہ تمہیں بھی اپنی نگاہ میں رکھے گا۔ اگر تم اسے اپنی نگاہ میں رکھو گے تو اسے اپنے سامنے پاؤ گے۔ جب بھی تم کچھ مانگو اپنے

اللہ ہی سے مانگو اور یہ یقین کر لو کہ اگر دُنیا میں سب لوگ جمع
ہو کر تمہیں کچھ نفع یا نقصان پہنچانا چاہیں تو ہرگز نہیں پہنچا سکتے
اللہ کے سوا ہر الٰہ اور ہر مولیٰ باطل ہے۔ ہم کو یہ زیب نہیں دیتا
کہ غلام کسی اَور کے ہوں اور حکم کسی اُور کا مانیں۔ بندے کسی
اَور کے ہوں اور بندگی کسی اور کی کریں۔ کھائیں کسی اَور کا،
گُن کسی اُور کے گائیں۔ جو خود ہم جیسی مخلوق ہو وہ ہم کو کیا
دے سکتا ہے۔ ہر دُکھ کا مُداوا کرنے والا اور قوّت والا وہ
اکیلا زبردست ہے۔ جو شخص خُدا سے نہیں ڈرتا وہ لوگوں کے
غیظ وغضب کا نشانہ بن جاتا ہے اور خود کو بے بس و مجبُور
پاتا ہے۔ جس پر نصیحت اثر نہ کرے اس کا دل ایمان سے خالی ہے
جو شخص تقدیر پر ایمان نہیں رکھتا وہ ایمان کے مزے سے
بالکل محروم ہے۔ تم میں بہترین وہ لوگ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ کی
یاد تازہ ہوتی ہے۔ ان کے نیک اعمال کو دیکھ کر اپنے لئے
آخرت کی رغبت پیدا کرو۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

○ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیۡهَا ؕ (پارہ ۱ آیت ۷۱ سُورۃ البقرۃ)

کسی کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو ۴۱ بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں اور پھر استعمال کریں۔ انشاء اللہ داغ دھبّہ دور ہو جائے گا۔

○ وَاِنَّ مِنَ الۡحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنۡهُ الۡاَنۡهٰرُ ؕ وَ اِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخۡرُجُ مِنۡهُ الۡمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ○ (پارہ ۱ آیت ۷۴ سُورۃ البقرۃ)

گُردے اور پتّے کی پتھری دُور کرنے کے لیئے ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اُس وقت تک پلائیں جبتک کامیابی نہ ہو۔

○ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ○

(پارہ ۱ آیت ۱۸ سورۃ البقرۃ)

راستے میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو ، دفعہ اس پر پڑھ کر پھونکیں ۔

○ اُولٰٓىٕكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ (پارہ ۱ آیت ۵ سورۃ البقرۃ)

جو دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر دم کرکے ۴۱ ، دن تک پلائیں ۔

○ وَ اِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ اِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ (پارہ ۷ ۔ آیت ۱۷ سورۃ الانعام)

ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لیئے ، یا ۱۱ دفعہ جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور تھتکادیں ۔

○ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ (پارہ ۷ آیت ۱۱۴ سورۃ المائدۃ)

رزق کی تنگی دور کرنے کے لیئے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو ۷ دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔ خبردار؛ دُعا پوری ہونے کے بعد اللہ کا شکر ادا کریں۔

○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○

(سورۃ الرعد پارہ ۱۳ آیت ۲۸)

دل کی بیماری اور گھبراہٹ دُور کرنے کے لیئے ۴۱ بار پانی پر دم کرکے پئیں۔

○ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ (پارہ ۱۵ آیت ۸۱ بنی اسرائیل)

مقدمہ کی کامیابی کے لیئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ۱۳۳ دفعہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھے، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

○ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝

غصہ کو دور کرنے کے لیئے چینی پر ۱۰۱ دفعہ ۲۱ دن تک پڑھیں اور پلائیں۔

○ أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ ۝

(پارہ ۲۰ آیت ۶۲ سورۃ النمل)

جس کی اولاد کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رکھیں۔

○ وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ ۝ (پارہ ۸ آیت ۱۰ سورۃ الاعراف)

اگر کسی کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ

نہ ہو یا رزق سے تنگ ہو یا مُسافر ہو اور اس کے پاس کوئی
سامان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ۱۵ار دفعہ روزانہ پڑھے
جب تک کامیابی نہ ہو۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

○ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ (پارہ ۲۳، آیت ۸۳ سورۃ یٰسین)

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ
اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو ۱۱ دفعہ
پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لے۔ انشاء اللہ اسے
کامیابی ہوگی۔

○ وَّیُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ○ (پارہ ۲۹، آیت ۱۲ سورۃ نوح)

کسی کے ہاں اولادِ نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی
۹ مہینے تک ۱۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ رزق کی تنگی
دُور کرنے کے لیئے بھی اس دعا کو روزانہ سات مرتبہ

پڑھا جائے۔

○ وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَیْهَا وَ جَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

(پارہ ۲۱، آیت ۲۱ سورۃ روم)

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے۔ آپس میں محبت نہیں ہے تو اس آیت کو ۹۹ دفعہ کسی مٹھاس پر (۳) دن پڑھ کر دم کریں اور دونوں کھائیں۔

○ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝ وَ اَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ وَ لَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰى ۝

(پارہ ۱۶، آیت ۶۸، ۶۹ سورۃ طٰہٰ)

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لئے

۱۱ دن تک ۱۰۰ دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔ یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں۔ اس دُعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

○ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ (پارہ ۷، آیت ۱۰۰ سورۃ المائدہ)

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اُسے باز رکھنے کے لیئے ۱۱ دن تک ۱۲۱ مرتبہ اس دعا کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

○ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ○

(پارہ ۹، آیت ۹ سورۃ الانفال)

مسلمان پر واجب ہے کہ تمام امور میں اللہ پر توکل کرے

اس کے سوا کسی اور پر وثوق نہ کرے۔ مدد اور کامیابی اسی قوت والے کے ہاتھ میں ہے جو سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ ہر جائز مراد کے لیئے ۱۴ دفعہ ۱۱ دن تک پڑھیں۔

○ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ○

(پارہ ۲۰، آیت ۲۴ سورۃ القصص)

اگر کسی لڑکی کے لیئے رشتہ نہ آتا ہو، یا رشتہ آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو وہ ۱۱۳ دفعہ اس دعا کو اور تین دفعہ سورۃ الضحیٰ پڑھیں۔ ہر مہینے ۱۱ تک پڑھیں اور ۳ مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔

○ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ○ (پارہ ۵ آیت ۱۱۳ سورۃ النساء)

اگر کند ذہن بچے کو یا طالب علم کو ۱۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے

عالم فاضل ہو جائے گا۔

○ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ص وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○

(سورۃ الجاثیہ۔ آیت ۳۶، ۳۷)

عزت اور آبرو اور وقار حاصل کرنے کے لیئے، بخار کے لیئے زخم کو ٹھیک کرنے کے لیئے۔ اچھے کاموں میں نام پیدا کرنے کے لیئے، عمل کا وزن بھاری کرنے کے لیئے روزانہ ۷ دفعہ پڑھیں۔

○ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ط اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

(سورۃ الاحقاف آیت ۱۵)

اولاد کی فرمانبرداری کے لیئے اور خدا کے پسندیدہ عمل

کرنے کے لیئے ۲، دفعہ روزانہ پڑھیں . انشاءاللہ مفید ثابت ہوگی.

○ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ○

(سورۃ المومن آیت ۴۴)

عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۱ دفعہ پڑھنے سے ہر رنج و غم دُور کرنے کے لیئے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے.

○ وَھَدَیْنٰھُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ (سورۃ الصّفٰت آیت ۱۱۸)

اگر کوئی سیدھی راہ سے بھٹک جائے، اچھائی برائی کی تمیز نہ رہے اس کو ۳۱۳ دفعہ پانی پر دم کرکے اُس وقت تک پلائیں جبتک اس کی حالت سدھر نہ جائے.

○ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰہُ ؕ ھُوَالَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِہٖ وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ○ (سورۃ الانفال. آیت ۶۲)

فتح اور کامیابی کے لیئے یا امتحان میں آسان پرچوں کے لیئے جانے سے پہلے، دفعہ ضرور پڑھ لیں.

○ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ (سُوْرَۃ الاعراف۔ آیت ۱۹۵)

اگر کوئی ہاتھ، پیر، کان، آنکھ یا ٹانگ سے معذور ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔

○ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○

(سُوْرَۃ القمر آیت ۱۰)

اگر کسی شخص کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو۔ یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ ۳۱۳ دفعہ پڑھ کر آسمان کیطرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل ۲۱ روز تک کریں۔

○ اگر کسی کو یرقان ہو گیا ہو تو وہ پہلے سُوْرَۃ الفاتحہ ایک بار

پھر سورۃ الحشر ۷ دفعہ اور پھر ایک بار سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے اُس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

○ رزق کی ترقی اور برکت کے لیئے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۃ "المُزَّمِّل" ایک بیٹھک میں ۴۱ مرتبہ تین دن تک پڑھیں۔ اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیئے۔

○ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ○ (سورۃ الفتح۔ آیت ۲۷)

○ اگر کسی کو حج پر جانے کی طلب ہو اور کوئی وسیلہ جانے

کانہ ہو تو کثرت سے اس آیت کا ورد کریں۔ اس وقت تک جب تک امید کی کرن نہ مل جائے۔

○ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۙ (سورۃ النور آیت ۳۵)

دل میں اور چہرے پر نور پیدا کرنے کے لیے روزانہ ایک مرتبہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکیں۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○ (سورۃ الانفال آیت ۶۳)

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کے لیئے یہ آیت ۱۱، دفعہ روزانہ پڑھے۔

○ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (سورۃ الانعام آیت ۴۵)

ظالم کو دفعہ کرنے کے لیئے ۳، دن تک ۲۱، دفعہ پڑھنا مفید ہے۔ یہ آیت بڑی جلالی ہے۔ اس کو ناجائز پڑھنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ جب ظالم کا ظلم نا قابلِ برداشت ہو جائے جب اس دعا کا استعمال کریں۔

○ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(سورۃ المائدہ۔ آیت ۱۷)

جو اولاد سے نا امید ہو ۴۱، دن تک ۳۰۰، دفعہ کبھی

میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کرکے آدھا خاوند اور آدھا بیوی کھائے۔

○ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○

(سورۃ التوبہ۔ آیت ۵۱)

اگر کسی شخص کو دشمن سے تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچاتا ہو تو اس آیت کو روزانہ سات دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی اذیت سے محفوظ رہے گا

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○ (سورۃ آل عمران آیت ۷۳، ۷۴)

اللہ کی ہر نعمت حاصل کرنے کے لیئے یہ دعاء صبح وشام روزانہ ۷، ۷ دفعہ پڑھیں اور ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کریں۔

○ إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا مِنْ دَآبَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○ (پارہ ۱۲ سورۃ ہود. آیت ۵۶)

جو اولاد والدین کی نافرمان ہو، اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔

○ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۚ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○

(پارہ ۲۱، آیت ۶۲ سورۃ العنکبوت)۔

رزق کی کشادگی کے لیئے ۱۱ دفعہ فجر کی نماز کے بعد پڑھیں۔

○ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ (پارہ ۲۱ آیت ۳۰ سورۃ الروم)

جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں اور وہ تندرست رہے تو روزانہ ۳ دفعہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکے۔

○ یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ۝

(سورۃ الانبیاء آیت ۶۹)

بخار کی تیزی ختم کرنے کے لیئے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور غصہ اور ضد کو ختم کرنے کے لیئے بھی اس دعا کا استعمال مفید ہے۔

○ جو اولاد سے محروم ہو وہ روزانہ ۱۰۱ دفعہ سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔

○ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۝ (پارہ ۲۱۔ آیت ۲۶ سورۃ لقمان)

رزق کی کشادگی کے لیئے، کاروبار کی ترقی کے لیئے یا نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے اس آیت کو

روزانہ ۱۴۱ دفعہ پڑھیں۔

○ اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

(سورۃ السجدہ۔ آیت ۷ تا ۹ پارہ ۲۱)

جو اولاد کی نعمت سے محروم ہو وہ اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے کثرت سے ان آیات کا ورد کرے۔

○ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓىِٕكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

(سورۃ الاحزاب۔ آیت ۵۶)

جو حضورؐ سے ہم کلام ہونے کا یا حضورؐ کی زیارت کا خواہشمند ہو وہ رات کو سوتے وقت اس کی تسبیح پڑھے

انشاء اللہ جلد ہی خواہش پوری ہو گی۔

○ (اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ)

(سورۃ الانبیاء، آیت ۸۳۔ پارہ ۱۷)

جو ایسی بیماری میں مبتلا ہو جو نہ سمجھ میں آنے والی ہو۔ یا لا علاج ہو تو وہ بذاتِ خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

○ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ۝

(سورۃ الفرقان۔ آیت ۵۴۔ پارہ ۱۹)

جس کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو تو وہ اس مراد کے لیئے ۲۱ دن تک ۳۱۳ دفعہ پڑھے۔

○ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

(سورۃ المومنون ۔ پارہ ۱۸، آیت ۱ تا ۱۱)

رات کو سوتے وقت ضرور پڑھیں۔ کیونکہ یہ آیتیں عزت کی حفاظت کرتی ہیں۔ بے نمازیوں کو نماز کی رغبت دلاتی ہیں۔ بے ہودہ اور بُری باتوں سے روکتی ہیں اور جنت الفردوس کا وارث بنا دیتی ہیں۔

○ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝

(سورۃ الصّفّٰت آیت ۷۶)

اگر کسی شخص کی اولاد مرجاتی ہو. زندہ نہ رہتی ہو یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام ۱۱ دفعہ پڑھے۔

○ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○ (سورۃ الملک آیت ۱۳ و ۱۴)

عشاء کی نماز کے بعد دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں۔ اس کے بعد ان آیات کو ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر بغیر بات کیے سو جائیں۔

○ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ○ (سورۃ الشوریٰ۔ آیت نمبر ۴۹)

جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو وہ یہ دعا ۱۳۳ مرتبہ پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد دونوں میاں بیوی پئیں۔

○ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ (سورۃ الروم آیت ۵،۴)

ہر جائز مراد کے لیئے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے اِن آیات کو ۱۱۳ دفعہ پڑھیں۔

○ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

(سورۃ یوسف آیت ۵۶)

اگر کوئی بچّہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۲۱ دن تک ۱۴۱ دفعہ اِس کو پڑھے۔

○ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ (سورۃ الحج آیت ۳۸)

اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جا رہی ہو تو دشمن سے حفاظت کیلئے اس آیت کو ۱۱، دفعہ روزانہ پڑھیئے:

○ ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۙ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ؕ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۚ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۚ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ○ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۙ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۙ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ○ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (سورۃ التکویر آیت ۲۰ تا ۲۹)

اگر کسی شخص پر شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جا رہا ہے یا اپنی اصلی حالت میں نہیں ہے۔ یا شبہ ہو کہ کسی نے اس پر کچھ کر دیا ہے تو اس آیت کو ۴۱، دفعہ

پانی پہ دم کر کے پلائیں۔

یَا مَلِکُ، یَا قُدُّوسُ، یَا سَلَامُ۔

ہر شخص کو چاہیئے کہ سرطان یا طاعون یا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنے کے لیئے اس دعا کو صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہینگے۔

○ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ؕ

(پارہ ۳۰ آیت ۱۹ سورۃ النزعت)

جو سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف سے غافل ہو گیا ہو اس آیت کو روزانہ ۱۰۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے اُسے پلائے

○ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ؕ

(پارہ ۱۳ آیت ۲۴ سورۃ الرعد)

اگر کسی شخص کو اللہ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی ہو یا غم یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو وہ اس دعا کو پڑھنے

انشاء اللہ اس کے لیئے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

(پارہ ۱۱، آیت ۸۲، سورۃ یونس)

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ اسے کامیابی حاصل ہوگی۔

○ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ (پارہ ۱۱، آیت ۶۵ سورۃ یونس)

اگر کوئی کسی کو بدنام کرنے پر تلا ہے اور اس کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ اس دعا کو صبح و شام ۴۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے۔

○ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ○

(پارہ ۱۵، آیت ۸۷ سورۃ بنی اسرائیل)

اگر کوئی شخص غم میں یا کوئی اور پریشانی میں ہو یا اس کی مالی حالت بگڑتی جا رہی ہو تو اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رکھے۔

○ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِیْهَاۤ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ لَهُمْ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ

(پارہ ۲۶، آیت ۱۵، سورۂ محمد)

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ دنیا میں بھی وہ ہر نعمت سے نوازا جائے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ اس کو کسی نعمت سے محروم نہ کرے تو وہ اس آیت کو صبح و شام تین مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ وہ دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال رہے گا۔

پانچوں نمازوں کے بعد

مسنون اذکار

○ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ

ترجمہ: اے اللہ! تو ہر عیب سے سلامت ہے اور تیری ہی طرف سلامتی ہے۔ تو برکت والا ہے۔ اے بزرگی والے لائق تعظیم۔

○ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

ترجمہ: اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہیں اس کے

سوا اور فرشتوں نے بھی اور اہلِ علم نے بھی اور

○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ

ترجمہ : اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے۔ کوئی اس کا شریک نہیں۔ اسی کا سارا ملک ہے اور اسی کے لئے ساری تعریفیں ہیں۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۰

گناہ سے باز رہنا اور طاعت کی قوت اللہ کے وسیلے کے بغیر ممکن نہیں۔

○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ؕ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی ساری نعمتیں ہیں اور اسی کے لئے ساری بزرگیاں ہیں اور اسی کے لئے

ساری اچھی تعریفیں ہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے
ہم خالص اسی کی بندگی کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ بات کافروں
کو بُری معلوم ہو۔

○ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا
مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔

"اے اللہ! اس چیز کا کوئی روکنے والا نہیں جس کو
تو نے دیا اور اس چیز کا کوئی دینے والا نہیں جس کو
تو نے روک دیا۔ تیرے مقابل دولت نفع نہیں دیتی"۔

اس کے بعد ۳۳ بار سُبحان اللہ۔ ۳۳ بار الحمد للہ،
۳۳ بار اللہ اکبر۔ پھر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا
شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اس کے بعد آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد:

○ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ

عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

ترجمہ "آیا ہے تمہارے پاس رسول تم میں کا۔ بھاری ہے اس پر جو تم کو تکلیف پہنچے۔ حریص ہے تمہاری بھلائی پر ایمان والوں پر نہایت شفیق مہربان ہے۔ پھر بھی اگر منہ پھیریں تو کہہ دے کہ کافی ہے مجھ کو اللہ، کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا۔ اسی پر بھروسہ کیا۔ اور وہی مالک ہے عرش عظیم کا۔"

○ اس کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ۔ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ ہر نماز کے بعد ایک بار اور فجر اور مغرب کے بعد تین تین بار پڑھے۔

سیّد الاستغفار

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۔

ترجمہ: اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو نے مجھ کو پیدا کیا اور میں تیرے عہد اور وعدے پر ہوں، جس قدر مجھ سے ہو سکا۔ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اس چیز کی برائی سے جسکو میں نے کیا تیرے آگے اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے۔ اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا۔ پس تو مجھ کو بخش دے۔ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا۔

ہر دعا کو شروع کرنے سے پہلے اوّل و آخر درود شریف
ضرور پڑھنا چاہیئے۔

○ دل کے مریض کے لئے: جس شخص کو دل کی تکلیف ہو
یا دل کمزور ہو گیا ہو یا گھبراہٹ ہوتی ہو اس کو روزانہ
سورۂ یٰسین پانی پر دم کرکے پلانا دل کی قوت کا باعث
ہوتا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ یٰسین کو قرآن
کا دل فرمایا ہے۔ زچگی کے دوران تین دفعہ اس سورۃ
کو پڑھ کر پانی پہ دم کرکے پلانے سے زچگی میں آسانی
ہو جاتی ہے۔

○ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (آیت ۱۳۴، پارہ ۴، آلِ عمران)
جو بلڈ پریشر کا مریض ہو وہ اس دعا کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ
پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور فائدہ پہنچے گا۔

○ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

○ جس کو شوگر کی بیماری ہو وہ اس دعا کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

○ اگر کسی کے سر میں درد ہو وہ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر ۴۱ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر دم کرے۔ یہ عمل نہایت ہی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

○ جس کی بیٹی کا کوئی رشتہ نہ آتا ہو یا رکاوٹ ہو جاتی ہو اور کامیابی نہ ہوتی ہو وہ سورۂ رحمٰن روزانہ تین مرتبہ پڑھے۔ اس وقت تک جب تک کامیابی نہ ہو۔ انشاء اللہ جلد کامیابی نظر آئے گی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ رحمٰن کو قرآن کی دلہن کہا ہے۔

○ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ سورۃ یوسف آیت ۳۴، پارہ ۱۲

○ اگر کوئی شخص کسی کے مکر و فریب اور جال میں پھنس گیا ہو اور وہ بے قصور ہو تو وہ مذکورہ بالا آیت کو کثرت سے پڑھے۔

○ اَللّٰهُ يَجْتَبِىٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِىٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ (سورۃ الشوریٰ آیت ۱۳ پارہ ۲۵)

اگر کسی کا بچہ ضدی ہو یا نافرمان ہو تو اس دعا کو ۱۱ مرتبہ بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کریں۔

○ وَهُزِّىٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِىْ وَاشْرَبِىْ وَقَرِّىْ عَيْنًا ج

(آیت ۲۳۔ سورۂ مریم۔ پارہ ۱۶)

کاروبار کی ابتدا کے وقت اس میں ترقی اور برکت کیلئے اس دعا کو ۳۱۳ مرتبہ تین دن تک یا ۷ دن تک یا ۱۱ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ ترقی ہوگی۔

Quraani Mustajib Duaein